1: پانچ قومی تعلیمی مسائل تحریر کریں۔

پانچ قومی تعلیمی مسائل یہ ہیں۔

(1) کم شرح خواندگی

(2) ناقص امتحانی نظام

(3) اساتذہ کی کمی

(4) محدود تعلیمی وسائل

(5) ہم نصابی سرگرمیوں کا فقدان

2: صنفی امتیاز کی تعریف کریں۔

انسانی معاشرے میں عورت اور مرد میں جنس کی بنیاد پر تفریق کرنا صنفی امتیاز کہلاتا ہے۔

3: ہم نصابی سرگرمیوں سے کیا مراد ہے؟

ہم نصابی سرگرمیوں سے مراد ایسی سرگرمیاں ہیں جن کا درس و تدریس سے تعلق نہ ہو اور طلبہ کے اخلاق و کردار بنانے میں معاون ہوں۔ جیسا کہ کھیل، مباحثے، مشاعرے، تقاریر، مذاکرات اور مطالعاتی دورے ہم نصابی سرگرمیاں کہلاتی ہیں۔

4: کوئی سے تین پنجابی شعرا کے نام لکھیں۔

اہم پنجابی شعرا میں انور مسعود، انعام الحق جاوید، شریف کنجاہی، شیر افضل جعفری، فقیر محمد فقیر، منیر نیازی استاد دامن، اسیر عابد، تجمل کلیم اور بابا نجمی وغیرہ شامل ہیں۔ یا

تین پنجابی شعرا یہ ہیں:

(1) بابا بلھے شاہ

(2) سلطان باہو

(3) خواجہ غلام فرید

گورنمنٹ کرسچین ہائی سکول ڈسکہ

5: آبادی اور وسائل کے درمیان توازن کس طرح قائم کیا جاسکتا ہے؟

آبادی اور وسائل کے درمیان توازن کے لیے ضروری ہے کہ آبادی کو کنٹرول کیا جائے۔ آبادی بڑھنے کے ساتھ ساتھ وسائل کا بڑھنا بھی ضروری ہے۔ اگر آبادی بڑھے گی اور وسائل نہ بڑھے تو ملک مختلف مسائل کا شکار ہو جائے گا۔ لوگوں کو بنیادی سہولتیں نہیں ملیں گی۔ اس لیے ضروری ہے کہ آبادی کو وسائل کے مطابق رکھا جائے۔

6: آبادیات یا بشری شماریات سے کیا مراد ہے؟ اور اس کا آغاز کس نے کیا؟

آبادی کے مطالعے کے لیے "آبادیات" یا "بشری شماریات" کا مضمون متعارف کروایا گیا ہے۔ اس میں انسانی آبادی کا شماریاتی تجزیہ کیا جاتا ہے۔ بشری شماریات کا آغاز مسلمان مفکر "ابنِ خلدون" نے کیا۔

7: 2023ء کی مردم شماری کے مطابق پاکستان میں کتنی آبادی شہروں اور کتنی دیہی علاقوں میں آباد ہے؟

2023ء کی مردم شماری کے مطابق پاکستان کے شہری علاقوں میں قریب 93.7 ملین افراد آباد ہیں جبکہ باقی ملین 147.7 افراد دیہی علاقوں میں آباد ہیں۔

8: شہری علاقوں سے کیا مراد ہے؟

شہری علاقوں سے مراد وہ علاقے ہیں جن کا نظم و نسق میٹروپولیٹن کارپوریشن، میونسپل کارپوریشن، میونسپل کمیٹی، ٹاؤن کمیٹی یا کنٹونمنٹ بورڈ (Cantonment Board) وغیرہ کے تحت چلتا ہے۔

9: مشترکہ خاندانی نظام کی وضاحت کریں۔

مشترکہ خاندانی نظام میں خاندان کا سربراہ مرد ہوتا ہے، جو اپنے خاندان کی کفالت کا ذمہ دار ہوتا ہے۔ اس نظام میں تمام افراد اکٹھے رہتے ہیں اور اخراجات و ذمہ داریاں مشترکہ طور پر نبھائی جاتی ہیں۔

10: پاکستان میں اقلیتی طبقے کون سے تہوار مناتے ہیں؟

پاکستان میں مختلف اقلیتی طبقات اپنے اپنے **مذہبی تہوار** مناتے ہیں۔

- **ہندو**: ہولی اور دیوالی کے تہوار مناتے ہیں۔
- **مسیحی**: کرسمس اور ایسٹر مناتے ہیں۔
- **سکھ**: بابا گورونانک جی کا جنم دن اور بیساکھی مناتے ہیں۔
- **بہائی عقیدہ رکھنے والے**: عید نوروز اور ردوان وغیرہ کے تہوار مناتے ہیں۔

11: پاکستان کے چند قدرتی سیاحتی مقامات کے نام لکھیں۔

پاکستان کے مشہور قدرتی سیاحتی مقامات یہ ہیں:

1. وادی ہنزہ
2. دیوسائی کے میدان (بلتستان)
3. وادی سوات
4. ناران کاغان
5. مری
6. وادی سون سکیسر

12: پاکستان میں غربت کے چند اسباب لکھیں۔

پاکستان میں غربت کے اہم اسباب یہ ہیں:

1. آبادی میں اضافہ
2. پیداواری وسائل میں کمی
3. توانائی کا بحران
4. ناخواندگی

گورنمنٹ کرسچن ہائی سکول ڈسکہ